# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 26 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ یومِ آئین آج ملک بھر میں منایا جارہا ہے؛ صدرِجمہوریہ کی موجودگی میں پارلیمنٹ میں مرکزی پروگرام کا انعقاد۔

☆ مرکزی کابینہ کے ریلوے کے تین ''ملٹی ٹریکنگ'' منصوبوں کو منظوری؛ اجنتا۔ ایلورہ سیاحتی مقامات کا ہوگا فائدہ۔

☆ وزیرِ اعلیٰ کے عہدے سے متعلق مہایوتی کی تینوں ہی پارٹیاں متفقہ طور پر فیصلہ لیں گی؛ اجیت پوار کا بیان؛ جبکہ شیوسینا اُدّھو باڑ اصاحب ٹھاکرے کے لیڈر کے طور پر آدتیہ ٹھاکرے کا انتخاب۔

اور۔۔۔☆ بارڈر۔گاوسکر ٹسٹ کرکٹ سیریز میں بھارت کا فاتحانہ آغاز؛ پرتھ ٹسٹ میں آسٹریلیا کے خلاف 295 رنوں سے فتح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

بھارتی آئین کے امرت تہوار کے سال کی آج سے شروعات ہورہی ہے۔ اس موقع پر آج 25 نومبر 2025 تک سال بھر مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرین رِجیجو نے یہ اطلاع فراہم کی۔ انھوں نے کہا کہ یہ تہوار ملک کا ہے اور اس میں عوام شرکت کریں۔ دلّی میں آئین سدن کے مرکزی ہال میں آج ایک عظیم الشان پروگرام منعقد کیا گیا ہے۔ صدرِجمہوریہ دروپدی مُرمو اس پروگرام میں دونوں ہی ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی، سپریم کورٹ کے ذریعہ منعقد کردہ پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اس پروگرام میں وزیرِ اعظم کے ہاتھوں بھارتی عدلیہ کی سالانہ رپورٹ بھی جاری کی جائے گی۔

***** ***** *****

آج کے یومِ آئین کے موقع پر کل نئی دہلی میں ''ہمارا آئین ہمارا فخر'' ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ، پیوش گوئل، کرین رِجیجو، رَکشا کھڑسے سمیت مرکزی وزرا و ارکانِ پارلیمنٹ اور اولمپک کھلاڑی، قومی طلبہ تنظیم اور سیوا یوجنا کے طلبہ و دیگر رضا کار تنظیموں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

جالنہ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر کی عوام کے ساتھ تمام سرکاری دفاتر، سماجی اور سیاسی پارٹی کے دفاتر کو آئینی خط تحفے کے طور پر دیئے جارہے ہیں۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچال کو آئین کی تمہید کا فوٹو دیکر اس سرگرمی کا آغاز کیا گیا۔

میونسپل کارپوریشن نے اس مقصد کیلئے 60 ہزار آئینی پمفلٹ چھاپے ہیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں آج بھارتی آئین، عزت، حفاظت، تحفظ کمیٹی کی جانب سے ریلی نکالی جائے گی۔ کرانتی چوک سے صبح گیارہ بجے یہ ریلی نکلے گی۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے کل منعقدہ میٹنگ میں تقریباً سات ہزار 927 کروڑ روپئے مالیت کی وزارتِ ریلوے کے منصوبوں کو منظوری دی۔ اس میں جلگاؤں۔ منماڑ چوتھا روٹ، بھساول۔ کھنڈوا تیسرا اور چوتھا روٹ، اور پریاگ راج۔ مانک پور تیسرا روٹ کا شمار ہے۔

تینوں پروجیکٹ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور اُتر پردیش کی تین ریاستوں سات اضلاع کا احاطہ کرتے ہوئے بھارتی ریلوے کے موجودہ نیٹ ورک کو تقریباً 639 کلومیٹر تک پھیلا دیں گے۔ اس کا فائدہ اجنتا اور ایلورہ غاروں، دیوگیری قلعہ کے سیاحتی مقامات کیلئے ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ زرعی مصنوعات، کھاد، کوئلہ، اسٹیل، سیمنٹ، کارگو کنٹینرز وغیرہ کی نقل وحمل کیلئے ایک ضروری راستہ ہے۔ اس کی صلاحیت کو بڑھانے کے کاموں سے سالانہ 51 ملین ٹن اضافی کارگو کی حمل ونقل ہوسکے گی۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس کل سے شروع ہوا۔ لوک سبھا میں کام شروع ہوتے ہی ایوان کے آنجہانی رُکنِ پارلیمان وسنت چوہان، ہریش چندر چوہان سمیت ایوان کے آنجہانی ممبران کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

راجیہ سبھا میں بھی کام کاج شروع ہونے پر آنجہانی ممبران کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اڈانی صنعت گروپ کے خلاف مبینہ رشوت ستانی کے معاملے پر اپوزیشن کی جانب سے ہنگامہ آرائی کے بعد پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

دریں اثنا، یومِ آئین کے موقعے پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا اجلاس آج نہیں ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ذریعے کل دہلی میں آئی سی اے ورلڈ کوآپریشن کونسل کا افتتاح کیا گیا۔ اس موقعے پر وزیرِ اعظم نے اقوامِ متحدہ کے بین الاقوامی تعاون کے سال 2025 کا آغاز کیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ تعاون دنیا کے لئے ایک نمونہ ہوسکتا ہے لیکن یہ ہندوستان کے لئے ایک ثقافت ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ کوآپریٹیو سیکٹر کو مہاتما گاندھی کے گرام سوراجیہ مہم کی وجہ سے تقویت ملی ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

یہ کانفرنس سب کیلئے متحدہ، پُرامن اور خوشحال مستقبل بنانے میں کوآپریٹیو کردار کو تلاش کرے گی۔ اس چھ روزہ کانفرنس میں تقریباً تین ہزار غیرملکی اور ہندوستانی مندوبین شرکت کررہے ہیں۔ جن میں بھوٹان کے وزیرِ اعظم داشوشیرنگ توبگے اور فجی کے نائب وزیرِ اعظم منوآ کامی کامی شامل ہیں۔

کانفرنس میں اپنی تقریر میں مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس سال تعاون کا سال منایا جارہا ہے جو خواتین، کسانوں اور غریبوں کو بااختیار بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے صدر اجیت پوار نے یقین کا اظہار کیا ہے کہ مہایوتی میں شامل تینوں پارٹیاں وزیرِ اعلیٰ کے عہدہ کا فیصلہ کریں گی اور ریاست کو ایک مستحکم حکومت دیں گی۔ اجیت پوار جدید مہاراشٹر کے معمار اور ریاست کے پہلے وزیرِ اعلیٰ یشونت راؤ چوہان کے یومِ وفات پر کل کراڑ کے پریتی سنگم میں اُن کی سمادھی پر خطاب کررہے تھے۔

پوار نے کہا کہ اُن کے نظریے اور نظریات پر ہم عوامی خدمت کی وراثت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ ہم چوہان کے وژن میں ایک خوشحال مہاراشٹر کی ترقی میں عوامی خدمت کے ذریعے اپنا حصہ ڈالنے کیلئے پُرعزم ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے رُکنِ اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے کو متفقہ طور پر پارٹی کے قانون ساز گروپ کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے نے بتایا کہ رُکنِ اسمبلی بھاسکر جادھو کو قانون ساز اسمبلی کے گروپ لیڈر اور سنیل پربھو کو وِہپ کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ کل ماتوشری پر پارٹی سربراہ اُدّھو ٹھاکرے کی موجودگی میں منعقدہ میٹنگ میں لیا گیا۔

***** ***** *****

بارڈر – گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ بھارت نے 295 رنز سے جیت لیا ہے۔ بھارت کی جانب سے جیت کیلئے مقررہ 534 رنز کا ہدف تک پہنچتے پہنچتے میزبان ٹیم کل میچ کے چوتھے دن دوسری اننگز میں صرف 238 رنز پر ہی ڈھیر ہوگئی۔ دوسری اننگز میں کپتان جسپریت بمراہ اور محمد سراج نے فی کس تین تین، واشنگٹن سندر نے دو اور ہرشیت رانا اور نشیت ریڈی نے فی کس ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ دونوں اننگز میں آٹھ وکٹیں لینے والے بمراہ کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ سیریز کا دوسرا میچ 6 دسمبر سے ایڈیلیڈ میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

علی گڑھ کے مہارانی اہلیا بائی ہولکر اسپورٹس میدان پر جاری قومی چمپئن شپ کھو-کھو ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں مہاراشٹر کی لڑکوں کی ٹیم نے ودربھ کو 26-37 کے فرق سے شکست دے دی۔ جبکہ لڑکیوں کی ٹیم نے مدھیہ پردیش کی ٹیم کو 12-40 کے فرق سے مات دی۔ اس ٹورنامنٹ میں لڑکوں اور لڑکیوں کے زمروں سے فی کس 30 ٹیمیں شریک ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے آبی ذخائر میں موجود پانی کی مناسب منصوبہ بندی کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ وہ گزشتہ روز کینال ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس سال بہتر واطمینان بارشوں کی وجہ سے بیشتر آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ وافر مقدار میں موجود ہے۔ لہٰذا انہوں نے پینے کے پانی سمیت زراعت اور صنعت کیلئے محتاط رہ کر منصوبہ بندی کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

دریں اثناء تکنیکی وجوہات کی بنا٫ پر جائیکواڑی ڈیم کی بائیں نہر سے پانی چھوڑا جائے گا۔ اس لیے محکمہ آبی وسائل نے شہریوں سے نہر میں نہ جانے اور اپنے بچوں اور مویشیوں کا خیال رکھنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ثقافتی اُمور ڈائریکٹوریٹ کے زیرِ اہتمام کل ضلعی سطح پر 63 ویں ریاستی شوقیہ مراٹھی ڈرامہ مقابلوں کے پہلے مرحلے کا 24 مراکز پر آغاز ہوا۔ ان ڈرامہ مقابلوں میں ناندیڑ مرکز پر 13 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ناندیڑ شہر اور پربھنی ضلع کی مختلف ٹیموں کے تجربات اس مرکز میں پیش کیے جائیں گے اور یہ مقابلے 6 دسمبر تک جاری رہیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی اضلاع میں کل سے مویشیوں کی اکیسویں مردم شماری کا آغاز ہوا۔ 28 نومبر تک جاری رہنے والی مویشی شماری کے دوران مویشیوں سے متعلق صحیح معلومات فراہم کرنے کی اپیل محکمہ حیوانات نے کی ہے۔

***** ***** *****

دھولیہ پولس کے مقامی کرائم برانچ دستے نے ایک نوجوان کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے ایک دیسی کٹے سمیت زندہ کارتوس ضبط کرلیا۔ یہ نوجوان پربھنی ضلع کا ساکن ہونے کی بات دورانِ جانچ سامنے آئی ہے، اور پولس نے اس نوجوان کے پاس سے 28 ہزار روپے مالیت کا سامان ضبط کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں سردی کا زور بڑھتا جا رہا ہے اور درجہ حرارت تیزی سے گر رہا ہے۔ ناسک میں کل درجہ حرارت 12 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ شولا پور شہر میں بھی سردی میں اضافہ ہو گیا ہے اور کل درجہ حرارت 15 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ یومِ آئین آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے؛ صدرِ جمہوریہ کی موجودگی میں پارلیمنٹ میں مرکزی پروگرام کا انعقاد۔

☆ مرکزی کابینہ کے ریلوے کے تین ''ملٹی ٹریکنگ'' منصوبوں کو منظوری؛ اجنتا۔ ایلورہ سیاحتی مقامات کا ہوگا فائدہ۔

☆ وزیرِ اعلیٰ کے عہدے سے متعلق مہایوتی کی تینوں ہی پارٹیاں متفقہ طور پر فیصلہ لیں گی؛ اجیت پوار کا بیان؛ جبکہ شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے کے لیڈر کے طور پر آدتیہ ٹھاکرے کا انتخاب۔

اور۔۔۔☆ بارڈر۔گاوسکر ٹسٹ کرکٹ سیریز میں بھارت کا فاتحانہ آغاز؛ پرتھ ٹسٹ میں آسٹریلیا کے خلاف 295 رنوں سے فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****